© rasailojaraid.com



کے بانی مرزا غلام قادیانی نے بھی اسی طرح اسلام اور مسلمانوں کے خلاف انگریزوں کی جاسوسی کر کے بھاری رقوم کی صورت میں معاوضے وصول کئے تھے اور اب مرزائی اسرائیل کی جاسوسی کا معاوضہ وصول کر رہے ہیں۔ جہاں تک امریکی قونصلیٹ کے خفیہ دورہ کا تعلق ہے یہ کسی مقصد سے خالی نہیں اور ہمیں یقین ہے کہ یہ اچانک دورہ مسلمانوں کے خلاف کسی نئے ربوہ پلان کا حصہ ہے۔

۲۴ اپریل کو انتظامیہ نے ربوہ میں مرزائیوں کے پانچ مکانات سے کلمہ طیبہ حذف کر کے محفوظ کر دیا ہے اور امتناع قادیانیت آرڈی ننس پر عمل درآمد کیا ہے۔ مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا اللہ یار ارشد نے مطالبہ کیا ہے کہ پورے ربوہ میں مرزائیوں کی عمارتوں سے کلمہ طیبہ اور دیگر اسلامی شعائر کو محفوظ کیا جائے علاوہ ازیں ریذیڈنٹ مجسٹریٹ ربوہ نے ایک قادیانی رفیق احمد کو اپنے مکان پر کلمہ طیبہ لکھنے کے جرم میں قید و جرمانہ کی سزا دی ہے محفوظ کیا جائے۔

## دعاء صحت

قائد احرار، جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری مدظلہ عرصہ دو ماہ سے صاحب فراش ہیں۔ تمام کارکنان احرار اور جملہ احباب ان کی صحت یابی کے لئے دعا فرمائیں۔

"ادارہ"

## اظہار تعزیت

گزشتہ دنوں مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن جناب صوفی نذیر احمد شیخ کے بھائی جناب محمد رفیق اور مجلس احرار اسلام خانپور کے ایثار پیشہ کارکن چودھری محمد خورشید صاحب کے جواں سال فرزند اور نوجوان کارکن سعید احمد راجپوت کے بھائی محمد وحید اور مدرسہ معمورہ ناگڑیاں ضلع گجرات کے مخلص معاون اور ہمارے بھائی جناب غلام حیدر صاحب کی والدہ محترمہ انتقال فرما گئیں۔ ادارہ نقیب ختم نبوت کے کارکن اور تمام جماعتی احباب مرحومین کے لئے دعاء مغفرت اور اظہار تعزیت کرتے ہیں اور پس ماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین!

© rasailojaraid.com